ڈی جی خان زون کم وسائل کے باوجود بہترین کارکردگی کا حامل ہے

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر محترمہ نرگس گھلو کی ڈی جی خان زون کو مبارک باد

رپورٹ۔۔۔سید ارشد علی رضوی
سینئر آفس اسسٹنٹ، ڈی جی خان زون

ڈی جی خان زون میں سیلز منیجر محترمہ ارشاد بی بی کو سیکنڈ پوزیشن حاصل کرنے پر ایگزیکٹیو ڈائریکٹر محترمہ نرگس گھلو کا خراج تحسین۔ تصویر میں جناب منظور احمد، جناب رمضان شاہد اور آغا تسلیم نمایاں ہیں

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد نے ڈیرہ غازی خان کا دورہ کیا۔ مارکیٹنگ فورس کے افسران و فیلڈ کارکنان نے ان کا پرجوش استقبال کیا اس موقع پر ایک تقریب ہوئی جس میں خطبہ استقبالیہ زونل ہیڈ ڈیرہ غازی خان زون محمد رمضان شاہد نے پیش کیا۔ انہوں نے آنے والے معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے 2007ء میں بہترین کارکردگی پر فیلڈ فورس، ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈز، اسٹاف اور آفیسرز کو مبارک باد پیش کی اور ان کی انتھک محنت کو خراج تحسین پیش کیا انہوں نے زون کی اس کامیابی کو ٹیم ورک کا نتیجہ قرار دیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ بے شمار مشکلات کے باوجود آنے والے دنوں میں بھی ڈیرہ غازی خان زون اپنی اس پوزیشن کو کارپوریشن میں برقرار رکھے گا۔ انہوں نے زون کے مسائل کا ذکر کرتے ہوئے اسٹاف و آفیسرز کی کمی کا ذکر کیا اور اس کے حل کے لیے معزز مہمانوں سے درخواست کی۔

ان کے بعد جناب مدثر علی انجم نے زون کے ورکرز کو ان کی اعلیٰ کارکردگی پر مبارک باد پیش کی۔ ڈیرہ غازی خان زون کی اعلیٰ کارکردگی پر روشنی ڈالتے ہوئے کامیابیوں کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں پرامید ہوں کہ ڈیرہ غازی خان زون اپنی اس کامیابی کو آئندہ بھی قائم رکھے گا۔

اس موقع پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد نے کہا کہ ہم آپ لوگوں کو مبارک باد دینے کے لیے آئے ہیں آپ کا زون مسائل کے باوجود بہترین کارکردگی کا حامل ہے۔ انہوں نے اس اُمید کا اظہار بھی کیا کہ اب ہماری آپ سے جب دوبارہ ملاقات ہوگی تو انشا اللہ ڈیرہ غازی خان زون کے تمام مسائل حل ہو چکے ہوں گے۔ اس کے بعد ایک کروڑ سے زائد FYP کرنے والے ایریا منیجرز، تمام ٹاپ سیلز منیجرز، سیلز آفیسرز، سیلز نمائندگان اور سیکٹر ہیڈز کو ہار پہنائے گئے اور اعزازی سرٹیفکیٹ پیش کیے گئے۔

آخر میں محترمہ نرگس گھلو نے زون کی اعلیٰ کارکردگی کو سراہتے ہوئے تمام زون کو مبارک باد پیش کی۔ انہوں نے کہا یہ ہمارا ایک مثالی زون ہے جس میں جدید طریقے سے ورکنگ ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم آپ کی ورکنگ کا ذکر تمام پاکستان میں کرتے ہیں اور آپ کی مثال دیتے ہیں۔ انہوں نے زونل ہیڈ جناب محمد رمضان شاہد کو مارکیٹنگ ڈویژن کی جانب سے کارپوریشن میں اول آنے پر گولڈ میڈل پہنایا اور مبارک باد پیش کی۔

ڈیرہ غازی خان زون کے ایک کروڑ سے زائد پریمیئم سال اول کرنے والے ایریا منیجرز کا محترمہ نرگس گھلو، جناب منظور احمد اور جناب مدثر علی انجم کے ہمراہ گروپ فوٹو

بہاول پور زون میں پُر وقار تقریب کا اہتمام

پہلی سہ ماہی میں مثالی کارکردگی پر ریجنل چیف کا اظہارِ اطمینان

رپورٹ.....ملک اطہر سعید
سیکٹر ہیڈ، بہاول پور زون

بہاولپور زون نے پہلی سہ ماہی کے اختتام پر کارپوریشن کی سطح پر نمایاں کامیابیاں حاصل کیں۔ اس ضمن میں 2008ء کی پہلی سہ ماہی کے نتائج کے مطابق بہاول پور زون نے پریمیئم سال اول میں 53 فیصد شرح اضافہ کے ساتھ ملتان ریجن میں پہلی اور کارپوریشن کی سطح پر تیسری پوزیشن حاصل کی۔

گزشتہ سال کی شاندار کارکردگی اور پہلی سہ ماہی کی بہترین تکمیل پر ریجنل چیف ملتان جناب مد علی انجم اور ملتان ریجن کے تمام زونل سربراہان بہاولپور زون کی فیلڈ فورس اور افسران و اسٹاف کو مبارک باد پیش کرنے کے لیے بہاول پور تشریف لائے۔ اس موقع پر بہاول پور زون کے سربراہ چوہدری اختر حسین نے ایک پر وقار تقریب کا اہتمام کیا ہوا تھا۔ جس میں بہاول پور زون کے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے

بہاول پور زون کی فیلڈ فورس، ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈز، افسران و اسٹاف کو خراج تحسین پیش کیا جن کے تعاون اور جذبے سے اتنے کم وسائل اور افرادی قوت کی کمی کے باوجود اتنی شاندار اور نمایاں کامیابیاں حاصل ہوئیں۔ اس کے بعد تمام زونل سربراہان

ریجنل چیف جناب مد علی انجم زونل سربراہ چوہدری اختر حسین کو رواں سال کی پہلی سہ ماہی میں ریجن میں پہلی اور کارپوریشن میں تیسری پوزیشن حاصل کرنے پر گلدستہ پیش کر رہے ہیں اس موقع پر زونل ہیڈ جناب آرائیں شکرانی بھی نمایاں ہیں

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو بہاولپور کے کامیاب ایریا منیجرز حبیب الرحمٰن، سعید احمد ملک، سیکٹر منیجر ذوالقدر حسین، نوید انجم اور محمد ظفر نوری کو طلائی ہار پہنا کر شیلڈ تقسیم کر رہی ہیں،
تصویر میں زونل ہیڈ جناب منظور احمد، ریجنل چیف جناب مد علی انجم اور زونل ہیڈ چوہدری اختر حسین نمایاں ہیں

والے فیلڈ فورس کے ساتھی، ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈز کو مدعو کیا گیا تھا۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک اور ہدیہ نعت سے کیا گیا۔ جس کی سعادت ایریا منیجر جناب صداقت حسین بخاری نے حاصل کی۔ اس کے بعد زونل سربراہ چوہدری اختر حسین نے بہاول پور زون کی کارکردگی کا جائزہ پیش کیا اور جن میں جناب طاہر خان، جناب آر این شکرانی، عبدالعلیم چوہدری، جناب رمضان شاہد نے اپنے اپنے خطاب میں بہاول پور زون کے لوگوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ خاص طور پر زونل سربراہ بہاول پور زون کی ولولہ انگیز قیادت نے پیشہ ورانہ ذمہ داریاں نبھانے کے لیے اپنے آپ کو وقف کر رکھا ہے جس کی وجہ سے بہاول پور زون ہمیشہ وکٹری اسٹینڈ پر نظر آتا ہے۔

اس کے بعد نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والوں کو انعامات دیے گئے۔ تقریب کے آخر میں ریجنل چیف چوہدری مد علی انجم نے اپنے پر اثر خطاب سے شرکائے تقریب کو گرمایا۔ انہوں نے اپنے خطاب میں زونل سربراہ چوہدری اختر حسین اور بہاول پور زون کے تمام لوگوں کو خراج تحسین اور مبارک باد پیش کی اور بجا طور پر اس بات کا اعتراف کیا کہ ملتان ریجن کی کامیابی میں بہاول پور زون کا کردار ہمیشہ سے واضح رہا ہے۔

تقریب کے اختتام پر انہوں نے بہاول پور زون کے ساتھیوں کی صحت و سلامتی اور ترقی کے لیے دعا کی۔ بعد ازاں تمام شرکائے تقریب کو پر تکلف کھانا پیش کیا گیا۔

کارپوریشن ملک کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، نرگس گھلو

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ کا دورہ پشاور زون کے موقع پر خصوصی خطاب

سید زاہد علی شاہ
ڈپٹی منیجر، پشاور زون

پشاور میں زونل سربراہ، ڈویژنل ہیڈ، ریجنل چیف اور فیلڈ افسران کے ہمراہ محترمہ نرگس گھلو کا گروپ فوٹو

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو نے پشاور زون کا بھی دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد اور ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان بھی موجود تھے۔

اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری محمد اعجاز نے مہمانوں کو پشاور آمد پر خوش آمدید کہا اور کہا کہ فیلڈ افسران اور کارکنان کے حوصلے بلند ہیں اور وہ جواں مردی سے اپنے ارادوں کو حقیقت میں بدل دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پشاور زون میں ایک کروڑ روپے سے زائد پریمیم سال اول حاصل کرنے والے ایریا منیجرز میں اضافہ ہوا ہے جبکہ اس سے پہلے ایک ہی ایریا منیجر تھا جو ہر سال اس حد کو پار کیا کرتا تھا اور اس مرتبہ انشاء اللہ ان کی تعداد 7 یا 8 ہوگی اور آئندہ برسوں میں ان میں مزید اضافہ ہوگا۔

بعد میں ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر محترمہ نرگس گھلو کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ مختلف زونوں کا دورہ کرنے کے بعد پہاڑوں کی سرزمین پر تشریف لائی ہیں۔ انہوں نے زونل سربراہ پشاور زون کو خراج تحسین پیش کیا جن کی سربراہی میں زون بلندیوں کی جانب گامزن ہے۔ انہوں نے کروڑپتی ایریا منیجرز کو مبارک باد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ کامیابی ان ہی کے قدم چومتی ہے جو بہترین ریکروٹمنٹ کرتے ہیں اور ان بھرتی شدہ کارکنان کی اعلیٰ کارکردگی کامیابی کی وجہ بنتی ہے۔ انہوں نے محترمہ نرگس گھلو کو پشاور زون کی جانب سے یقین دلایا کہ ایریا منیجرز دیے گئے اہداف کو پورا کرکے دم لیں گے۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد نے اپنے خطاب میں امید ظاہر کی کہ پشاور زون اپنے حصے کا پریمیم ضرور حاصل کرے گا اور کارپوریشن کی کامیابی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ کاروبار میں 26 فیصد اضافہ ہونا چاہیے لیکن ذہن میں 30 فیصد رکھیں اور کوشش بھی 30 فیصد اضافے کے لیے کریں جس کے لیے سب کی مشترکہ کوشش کی ضرورت ہے۔

تقریب کے اختتام پر ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترمہ نرگس گھلو نے خطاب کیا انہوں نے اپنے شاندار استقبال پر سب کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پشاور اس سے پہلے بھی آچکی ہیں لیکن بطور ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ ایک نیا تجربہ ہے انہوں نے زونل ہیڈ، سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز کو اعلیٰ کارکردگی پر مبارک باد دی۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی زون میں کام کرنے والے فیلڈ کارکنان اور مارکیٹنگ سے متعلق لوگوں کی محنت کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مخلص افراد کے لیے اہداف کوئی حیثیت نہیں رکھتے جنہیں پورا کرنے میں انہیں کوئی مشکل درپیش نہیں ہوتی۔ انہوں نے کارپوریشن کی پرعزم فیلڈ فورس کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ صرف سروس نہیں دے رہی بلکہ ملک کی تعمیر و ترقی میں ایک اہم کردار ادا کر رہی ہے اور جو لوگ اس فیلڈ میں کام کرنے کے لیے تیار کیے جاتے ہیں وہ کبھی بھی ناکام نہیں ہوتے۔ انہوں نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ بیمہ فروخت کرنا مشکل کام ہے لیکن مخلص کارکنان کے لیے کوئی مشکل نہیں۔ کیونکہ محنت، کوشش اور کام کا جذبہ تمام مشکلات پر حاوی ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مارکیٹنگ کے شعبہ میں آکر وہ بھی اس ٹیم کا حصہ بن گئی ہیں اور فیلڈ کارکنان کے لوگوں کے شانہ بشانہ کام کر رہی ہیں آخر میں انہوں نے سب کا شکریہ ادا کیا اور ان کی صحت، تندرستی اور کامیابی کے لیے دعا کی۔

سدرن ریجن کے کروڑ پتی ایریا منیجرز کو خراج تحسین

بہترین منصوبہ بندی سے ہی اہداف کی تکمیل ممکن ہے، محمد احمد امجد

رپورٹ..... قاضی جاوید
منیجر مارکیٹنگ، کراچی سدرن زون

جناب محمد احمد امجد ایریا منیجر کراچی سدرن زون سید محسن رضا کو 2 کروڑ پریمیم مکمل کرکے سدرن ریجن میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے اور 2008ء کی پہلی سہ ماہی میں 55 لاکھ پریمیم مکمل کرنے پر گلدستہ پیش کر کے خراج تحسین پیش کر رہے ہیں

اسٹیٹ لائف، کراچی سدرن زون کے زیر اہتمام ایک خصوصی میٹنگ ریجنل چیف سدرن ریجن جناب محمد احمد امجد کی زیر صدارت مقامی ہوٹل میں منعقد ہوئی۔ جس کا مقصد ایک کروڑ روپے سے زائد پریمیم کی تکمیل پر ایریا منیجر کو خراج تحسین پیش کرنا اور رواں سال کی حکمت عملی طے کرنا تھا۔ اس ضمن میں ایریا منیجر جناب محسن رضا نے 2 کروڑ سے زائد پہلے سال کا پریمیم مکمل کیا اور پورے سدرن ریجن میں پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ ایک کروڑ سے زائد پریمیم کرنے والے اعزاز یافتگان میں ڈاکٹر دلیپ کمار، سید ابرار حسین، جناب ساجد علی طاہر، جناب احسان اللہ خان، جناب ساجد حسین شاہ اور جناب صمد حمید موتن شامل ہیں۔ جنہیں مبارک باد کے ساتھ گلدستے پیش کیے گئے۔ جناب محمد احمد امجد نے ایریا منیجرز سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 27 دسمبر 2007ء

یہ اعزاز حاصل کرنے کا مشورہ دیا انہوں نے کہا کہ کامیابی کا اصل کلیہ نئے افراد کی بھرتی اور تربیت میں مضمر ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہر سیلز آفیسر کو ماہانہ لازماً دو نئے افراد کو اپنی ٹیم

میں شامل کرنا چاہیے کیوں کہ ہر نیا آنے والا نمائندہ اپنے ساتھ ایک نئی مارکیٹ لاتا ہے

تمام ایریا منیجرز نے اس اعلان کا خیر مقدم کیا اور اپنی جانب سے بھرپور تعاون کی یقین دہانی

سہ ماہی کا جائزہ لیا گیا۔ جناب محسن رضا نے پہلی سہ ماہی میں 55 لاکھ روپے مکمل کرکے

جناب محمد احمد امجد کی طرف سے سیکٹر ہیڈ نادر جناب شاہنواز سومرو کو 2008ء کی پہلی سہ ماہی میں 45.18 فیصد کاروباری اضافے پر، جناب ساجد علی کو 2007ء میں ایک کروڑ پریمیم مکمل کرنے اور ڈاکٹر دلیپ کمار کو ایک کروڑ سے زائد پریمیم مکمل کرنے اور 2008ء کی پہلی سہ ماہی میں 52 لاکھ روپے پریمیم کرنے پر گلدستہ پیش کرکے ان کی کارکردگی کو سراہا جارہا ہے

کے اندوہناک سانحہ کے باوجود آپ نے اپنا اور اپنی ٹیم کا مورال بلند رکھا اور بیمہ زندگی کے پیغام کو عام کرنے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔

انہوں نے 2008ء میں بہترین منصوبہ بندی اور انتھک محنت کے ذریعے ماہانہ اور سہ ماہی اہداف کی تکمیل کو یقینی بناتے ہوئے دوبارہ

انہوں نے نئے زونز کی کامیابی کا تقابلی جائزہ بھی پیش کیا انہوں نے کہا کہ یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ جہاں جہاں نئے افراد کو شامل کرنے کے انقلابی اقدامات کیے گئے ہیں وہاں بیمہ زندگی کے کاروبار کو فروغ حاصل ہوا۔

انہوں نے اعلان کیا کہ 2008ء، کراچی سدرن زون کا نئے افراد کی بھرتی کا سال ہے

کروائی کہ وہ اپنے سیلز منیجرز اور سیلز آفیسرز کو اس اہم کام پر راغب کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے اور سہ ماہی میں بہترین نتائج دیں گے اور 2008ء کے لیے اللہ کے کرم اور ساتھیوں کی محنت سے ایک نئی تاریخ رقم کریں گے۔

اس کے بعد 2008ء کی پہلی کاروباری

پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ 52 لاکھ پریمیم مکمل کرکے ڈاکٹر دلیپ کمار نے دوسری اور جناب ساجد علی نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ جناب شاہنواز سومرو سیکٹر ہیڈ، نادر سیکٹر کو 45 فیصد کاروباری اضافے پر پھولوں کا گلدستہ اور مبارک باد پیش کی گئی بعد ازاں میٹنگ کے اختتام پر ڈنر سے تواضع کی گئی۔

حیدرآباد زونل میلاد کمیٹی کے زیر اہتمام جلسہ عید میلاد النبیؐ

اللہ نے اپنے حبیب کو تمام انبیاء پر فضیلت عطا فرمائی، آپؐ کائنات کی تخلیق اول ہیں، عمران علی شاہ

محمد عرفان خان
زونل ہیڈ سیکریٹریٹ، حیدرآباد زون

جلسہ سیرت النبیؐ کے موقع پر اسٹیج پر (دائیں سے بائیں) زونل سربراہ حیدرآباد جناب محمد خالد شیخ، سابق ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب محمد جاوید خان اور زونل سربراہ لاڑکانہ جناب در محمد بالادی تشریف فرما ہیں

گزشتہ دنوں اسٹیٹ لائف حیدرآباد زون کی زونل میلاد کمیٹی کے زیر اہتمام اسٹیٹ لائف بلڈنگ میں جلسہ عید میلاد النبیؐ منعقد ہوا جس کی صدارت زونل سربراہ حیدرآباد جناب محمد خالد شیخ نے کی اس جلسہ میں سابق ایگزیکٹیو ڈائریکٹر (پی اینڈ اے) جناب محمد جاوید خان، زونل سربراہ لاڑکانہ زون جناب در محمد بالادی، صدر ایمپلائز فیڈریشن جناب ممتاز حسین بخاری، سیکریٹری جنرل جناب شہزاد شاہ، نائب صدر جناب شاہد وحید، افسران، ایریا منیجرز، اسٹاف ممبران اور فیلڈ کارکنان نے اپنے اہل خانہ کے ساتھ شرکت کی سعادت حاصل کی۔

جلسہ کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت بین الاقوامی قاری جناب محمد بشیر رضا صدیقی نے حاصل کی جبکہ حمد باری تعالیٰ کی سعادت جناب محمد اویس متین، جناب عبدالقادر ملک اور جناب محمد سلیم قادری نے حاصل کی اس جلسے کی نظامت کے فرائض ریڈیو پاکستان کے مایہ ناز کمپیئر جناب محمد اویس متین نے انجام دیے۔

اس موقع پر مہمان مقرر جناب علامہ عمران علی شاہ نے نبی کریمؐ کی رسالت کی فضیلت بیان کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کریمؐ کو تمام انبیاء پر فضیلت عطا فرمائی اور درجات کو بلند فرمایا۔ آپؐ کائنات کی تخلیق اول ہیں۔ رب ذوالجلال ہمیں حضورؐ کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آخر میں صدر محفل محمد خالد شیخ، زونل سربراہ حیدرآباد زون نے کنوینر میلاد کمیٹی جناب حافظ محمد حسین اور ان کی ٹیم کے ارکان کا شکریہ ادا کیا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے یہ محفل پاک کامیابی سے ہمکنار ہوئی انہوں نے علماء کرام، نعت خواں، معزز مہمانان گرامی و حاضرین کا شرکت کرنے پر بھی اظہار تشکر کیا جلسے کا اختتام دعا پر ہوا بعد ازاں حاضرین کو کھانا پیش کیا گیا۔

جلسہ سیرت النبیؐ سے علامہ عمران علی شاہ خطاب کر رہے ہیں اور محمد حنیف قریشی نعت رسول مقبولؐ پیش کر رہے ہیں جبکہ نظامت کی سعادت جناب محمد اویس متین حاصل کر رہے ہیں

جنرل منیجرز کو سینئر جنرل منیجرز بنادیا گیا

پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے جاری کردہ آفس آرڈر نمبر پی اینڈ جی ایس/ پی او/74/ 2008 کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز کے فیصلے کی روشنی میں کارپوریشن کے جنرل منیجرز جناب انصار حسین (اوسٹنٹ)، جناب سہیل ہاشمی (پی اینڈ جی ایس) اور جناب شیر علی (انٹرنل آڈٹ اینڈ ای ویلیوایشن) کو اعلیٰ بخش کارکردگی کے اعتراف میں سینئر جنرل منیجرز بنادیا گیا ہے۔ اس ضمن میں ان کے لیے دس ہزار روپے ماہانہ خصوصی الاؤنس کی منظوری بھی دی گئی ہے۔

"تحفظ" جناب انصار حسین، جناب سہیل ہاشمی اور جناب شیر علی کو اس اعزاز پر مبارکباد پیش کرتا ہے۔

جناب محمد امین خودکش بم دھماکے میں ہلاک ہوگئے

اسٹیٹ لائف سوات زون کے آفس اسسٹنٹ جناب محمد امین گزشتہ دنوں چکدرہ میں ایک خودکش بم دھماکے میں ہلاک ہوگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

شہید ایک مخلص اور ایماندار کارکن تھے۔ اکثر رفاہی، فلاحی اور سماجی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ اس ضمن میں سوات زون میں ایک تعزیتی اجلاس ہوا جس میں اس المناک حادثے اور دہشت گردی میں شہید ہونے والوں کے لواحقین کے ساتھ گہری ہمدردی کا اظہار کیا گیا اور شہید کی روح کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی کا اہتمام بھی کیا گیا۔ دورکنز یونین میں جناب محمد امین کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔ مرحوم نے اپنے پیچھے ایک بیوہ اور دو کمسن بچے سوگوار چھوڑے ہیں۔

News in Pictures

تحفظ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

State Life in Action

تحفظ

گوجرانوالہ زون ۔۔۔ سیکٹر آفیسر محمد مالک مرحوم کی گروپ انشورنس کلیم کا 10 لاکھ روپے کا چیک ان کے بیٹے محمد طارق کو دیا جا رہا ہے۔ تصویر میں جناب شفیق الرحمٰن، غلام حسین صدیقی، ملک نذیر، میاں محمد خلیل، حافظ محمود ظفر، محمد طارق، طاہر محمود، چوہدری سرفراز احمد نمایاں ہیں

میرپور آزاد کشمیر زون ۔۔۔ زونل سربراہ میرپور آزاد کشمیر چوہدری محمد یوسف فاروقی اور ایریا منیجر ساجد اقبال محترمہ نذیر جہاں، بیوہ محمد عارف کو ساڑھے 8 لاکھ روپے کا کلیم چیک دے رہے ہیں

راولپنڈی زون کے سربراہ افتخار احمد سیکٹر منیجر شیخ طارق اسلم کی بیوہ کو گروپ انشورنس کے تحت مبلغ ساڑھے 8 لاکھ روپے کا چیک دے رہے ہیں۔ اس موقع پر سیکٹر ہیڈ منیر احمد، ایریا منیجر جناب جاوید ملک اور فیلڈ ورکرز یونین کے صدر جناب سعید بابر بھی موجود ہیں

سوات زون ۔۔۔ زونل سربراہ جناب محمد سعید خان، بیوہ عطاءاللہ مرحوم کی بیمہ پالیسی کا واجب کلیم چیک مبلغ -/9,70,490 روپے ان کے ورثاء کو دے رہے ہیں۔ تصویر میں انچارج پالیسی ہولڈر سروس جناب شیر افگن، زونل آڈٹ آفیسر جناب فضل معبود، ایریا منیجر انت شاہ، سیکٹر منیجر حاجی محمد اکمل و دیگر نمایاں ہیں

بہاولپور زون ۔۔۔ مرحوم محمد اصغر کی بیوہ کو مبلغ 2,25,280 روپے کا واجب کلیم چیک زونل سربراہ چوہدری اختر حسین دے رہے ہیں۔ اس موقع پر ایریا منیجر شاہد حسین چوہدری اور سیکٹر آفیسر محمد خلیل موجود ہیں

زونل سربراہ جناب طاہر احمد خان سیکٹر آفیسر قاسم علی نقوی مرحوم کی گروپ انشورنس کا واجب کلیم چیک مبلغ -/600,000 روپے مرحوم کی بیوہ کو دے رہے ہیں۔ تصویر میں جناب محمد اشرف بھلی، جناب الطاف حسین اور سید اصغر علی زیدی موجود ہیں

رحیم یار خان زون ۔۔۔ ایف ایجوکیشن کے انچارج میاں منیر جاوید اور سیکٹر منیجر افتخار حسین مرحوم محمد رمضان کی بیوہ کو مبلغ -/110,559 روپے کا واجب کلیم چیک پیش کر رہے ہیں

ساہیوال زون ۔۔۔ بشیر احمد مرحوم کی بیوہ تسلیم اختر عرف چاند بی بی کو ایریا منیجر ڈاکٹر محمد اشرف مبلغ -/1,26,000 روپے کا واجب کلیم چیک دے رہے ہیں۔ تصویر میں سیکٹر منیجر عابد علی، سیکٹر آفیسر تسلیم عباس اور محمد حسین شاہ بھی موجود ہیں

Officers are Valuable Assets of Corporation

- Kamal Afsar

Mr. Kamal Afsar, Mr. Aslam Sabir, Shahzada Haroon Rasheed,Shoaib Khan and Sultan Shaikh addressing the audience

A warm and cordial reception was given at a local hotel in Lahore recently, by State Life Officers Association Lahore zone in honour of Mr. Kamal Afsar, Chairman State Life, members Board of Directors, Executive Directors, Regional Chief Central, Zonal Heads and members of State Life Officers Federation. All the guests were garlanded at the venue of the hotel while bouquet were presented to the chairman members Board of Directors and the Executive Directors. While addressing the audience Mr. Kamal Afsar appreciated the services of officers of State Life and termed them as valuable assets of the corporation. Mr. Kamal Afsar stressed that officers must bring reformation in their personality to render better quality services. Mr. Kamal Afsar announced 15% Adhoc relief to the officers. He said that 10 to 15% shares will be floated on the stock market while dispelling the impression of privatization of State Life. Mr. Kamal Afsar thanked the officers association for arranging a warm reception. Earlier Shahzaada Haroon Rasheed, President State Life Officers Federation and Shoaib Khan, President Officers Association Lahore welcomed the honourable guests. They stressed that officers should be given adequate relief in view of the rising prices and inflation in the country . Mr. Mohammed Aslam Sabir, Regional Chief also spoke on the occasion and supported the demands of officers federation. Mr. Sultan Shaikh enthralled the audience whith beautiful prose. Sounenlors were presented to the Chairman, members Board of Directors and Executive Directors.

Members of Board of Directors and Executive Directors

A View of the audience

By Kamran Channa
Deputy Manager (A&SF)